REGISTERED   L. No. 69

نورافشاں

حقیقی نور وہ تھا جو دنیا میں آکے ہر ایک آدمی کو روشن کرتا ہے

نمبر ۴۲ | ہر ہفتہ بروز جمعہ لودیانہ سے شائع ہوتا ہے | ۲۲ اکتوبر ۱۹۰۹ء | جلد ۳

خاص نورافشاں کے پڑھنیوالوں کیلئے

انعام! انعام!!

جو لوگ نورافشاں کو خریدار [illegible] [illegible] ایک سال کی قیمت [illegible] [illegible] ذیل کی کتابوں میں سے [illegible] انعام کے [illegible]

موازنہ مذاہب [illegible]

[illegible] اسلام [illegible]

[illegible] [illegible]

[illegible] [illegible]

[illegible] [illegible] قیمت [illegible]

[illegible] [illegible] [illegible]

سے [illegible]

[illegible] نورافشاں لودیانہ

سنڈے اسکول کے پرچے

جو [illegible] کے پرچے [illegible] [illegible] ہیں

۱۔ سبق مع تشریح۔

جو [illegible] [illegible] [illegible] ہے۔ قیمت [illegible] سال [illegible] [illegible] سال [illegible] محصول علاوہ [illegible] [illegible]

ایک روپیہ میں جائیگا +

۲۔ تصویر دار پرچے۔

[illegible] سال قیمت ایک روپیہ

[illegible] [illegible] [illegible]

[illegible] [illegible] [illegible]

[illegible] [illegible] [illegible]

سی-ایل-ایس کی کتابوں کے واسطے

پادری [illegible] صاحب کو [illegible] کی جاوے۔

فہرست مفت بھیجی جاتی ہے۔

ہم کتب فروشوں کے ساتھ بندوبست کرنا چاہتے ہیں۔

جو صاحبان پانچ روپیہ یا زیادہ کی کتابیں منگوائیں تو ان کو [illegible] سے [illegible] روپیہ فی صدی ڈسکونٹ کتب فروشوں کو دیا جاویگا +

یہ کتابیں کرسچن سٹور لودیانہ یا پنجاب ریلجس بک سوسائٹی لاہور سے بذریعہ وی پی یا نقد قیمت پر مل سکتی ہیں۔

مُفید کتابیں بڑے دِن کے مُطالعے کے واسطے

خاندانی فرائض

یہہ کتاب ابھی شایع ہوئی ہے صفحہ ۱۲۲ قیمت ۴ر معہ محصول ڈاک ۵ر یہہ صاحب خانہ پاسبان اور کارندے کے لئے تحفہ ہے۔ مجلد سنہری ۱۲ر +

سمیر دائے

اہل ہند کے مختلف ریت و رسوم کی تشخیص نہایت دلچسپ کتاب صفحہ ۳۰۰ قیمت ۸ر معہ محصول ڈاک ۱۰ر مجلد ۱۰ر

مسیح کی تعلیم

مسیحی کارندوں کیلئے یہہ کتاب ایک سونے کی کان ہے ڈاکٹر ارنس نے تمام مسیحیوں کو اس کتاب کے وسیلے سے ممنون فرمایا ہے اردو رومن حروف میں قیمت اردو ۴ر اور ۸ر اور ۱۲ر محصول ار فی جلد زیادہ +

گنجینہ اسلام رومن اُردو فی جلد ۸ر معہ محصول ۱۰ر

موازنہ مذاہب اُردو فی جلد ۸ر معہ محصول ۱۰ر

ستھیار تھ پرکاش درپن اُردو فی جلد ۸ر معہ محصول ۱۰ر

شبد و غزلیں

اردو حروف فی جلد ۹ پائی

ہندی حروف فی جلد ۶ پائی

گورمکھی حروف فی جلد ۶ پائی

ایک آنہ کتابیں

مرزا غلام احمد قادیانی

شادی کی بابت

ازالتہ المرزا قادیانی

یسوع مسیح کون تھا؟

بائبل اور سائنس

اصلاح حفظان صحت

افلاس ہند کے قابل علاج اسباب

قصہ جات دلکش

فوز العظیم باتصویر اردو حروف قیمت ۴ر مجلد ۶ر

رام پال سنگھ اُردو ۴ر رومن حروف قیمت ... ۸ر

ہیرے کی سرگذشت قیمت ۲ر اور ۶ر

عزت بے مثال قیمت ۵ر اور ۸ر

دولت لازوال قیمت ۵ر اور ۸ر

حالات جاپان باتصویر ... ۸ر

جنید لیلا اُردو ۴ر اور ۶ر گورمکھی ۲ر

یہہ کتابیں کرسچن سٹور لودیانہ یا پنجاب ریلجیس بُک سوسائٹی لاہور سے بذریعہ وی پی یا نقد قیمت پر مل سکتی ہیں

نور افشاں

لودیانہ۔ جمعہ۔ ۲۲ اکتوبر ۱۹۰۹ء۔

حقیقی راحت وخوشی

اکثر ہم کہتے ہیں کہ اگر ہم کو یہ یا وہ چیز حاصل ہو جاوے تو ہم خوش اور مطمئن ہونگے اور اگر حسب کوشش دلی مراد پوری بھی ہو جاوے تو بھی اصل و حقیقی خوشی حاصل نہیں ہوتی۔ دل کی بےچینی صاف ظاہر کرتی ہے کہ اس کا مقصد کچھ اور ہے۔ اور جب تک وہ مدعا حاصل نہ ہو وہ اطمینان نصیب نہیں ہو سکتا۔

کئی ایک باتیں ہیں کہ جن کی پیروی میں انسان ہمہ تن مصروف ہوتا ہے۔ اور اس کے حاصل کرنے کو خوشی تصور کرتا ہے۔

اوّل۔ دولت۔ اس کے حصول کے لئے انسان کیسے کیسے عمل کام میں لاتا ہے۔ اور قسم قسم کی تکلیفات اپنے اوپر گوارا کرتا ہے۔ حتیٰ کہ دوسروں کا غلام بنتا اور نہایت محنت اور مشقت کھینچتا اور آرام کو چھوڑ کر سختی کو برداشت کرتا ہے۔ صرف اس غرض سے کہ وہ دولت کماوے۔ یہاں تک دولت کے اندوختہ کرنے کے دُھن میں لگتا ہے کہ اپنی جان کو خطرے میں ڈالتا ہے۔ بلکہ بعض وقت اپنی جان پر بھی کھیل جاتا ہے۔ اور دولت جمع کرکے انسان اس کے وسیلے سے تمام سامان عیش مہیا کرلیتا (کیونکہ دولت ہی سے تمام دنیا کے کام چلتے ہیں) اس کے ذریعہ سے بڑے بڑے عالیشان محل اور قصر بنا کے اور ان کو نہایت دلفریب اور خوبصورت انواع و اقسام کے سامانوں کے ساتھ آراستہ کرتا اور بڑے بڑے خوبصورت شہر تعمیر ہوتے۔ اور ہزارہا قسم کے آرام و آسائش کے دل کو لبھانے والے دولت کے طفیل مہیا کئے ہوئے نظر آتے مگر پھر بھی دلی خوشی اور راحت حاصل نہیں ہوتی بلکہ باوجود ان تمام فرحت بخش سامانوں کے موجود ہونے کے دل اداس اور غمناک دکھائی دیتا ہے۔ اور ظاہر کرتا ہے کہ ان میں خوشی نہیں۔

دوئم۔ انسان کی دوسری کوشش حصول علم۔ انسان کے دل کی خواہش یہ معلوم ہوتی ہے کہ یہ کچھ جانے اور معلوم کرے اور اسی کو علم کہتے ہیں۔ اس کو مادہ بھی ہے کہ غور و خوض کرکے حقیقت اور اصلیت کو دریافت کرے۔ کیونکہ اس میں جوہر عقل موجود ہے۔ جو سوچنے اور غور کرنے کی صفت سے زیبائش دیا گیا ہے اور زمانوں سے سعی و کوشش کرتے کرتے بہت [illegible] انسان نے علمی ترقی میں خوب قدم بڑھایا ہے۔ اور تجربہ کا مطالعہ کرکے بہت سی باریکیوں تک کا پتہ لگایا ہے۔ اور سائنس اور فلسفہ اور دیگر علوم و فنون میں خاصی مہارت پیدا کرلی ہے۔ اور انسانی دماغ کے بہت سے اعلیٰ اور عجیب کام اب بہت سی نئی نئی ایجادوں کی صورت میں نکل کر چکے ہیں جن کے وسیلے سے اس نے اپنے آرام اور عیش کو اور بھی بڑھا لیا ہے۔ اور دولت کی زیادتی بھی خوب ہوگئی ہے۔ مگر تاہم دلی راحت اور حقیقی خوشی ان میں نظر نہیں آتی۔

علم کے ساتھ صنعت اور حرفت کا بھی تعلق ہے۔ اس کو بھی ساتھ ہی ساتھ جوں جوں کہ علمی ترقی ہوتی ہو اس کی عملی صورت دستکاری اور آرٹ میں دکھلائی دیتی رہی ہے۔ اس کے سبب سے بھی انسان نے خوبصورتی اور عیش کے سامانوں میں اچھا حصہ اختیار کیا ہے اور ہزارہا قسم کی ایجادیں نکالی ہیں جن سے بڑا فائدہ پہونچا ہے۔ مگر تاہم دلی خوشی اور راحت قلبی حاصل نہیں ہوئی۔ باوجود سب کچھ حاصل ہونے کے ایک سب سے بڑا بادشاہ جس کو سب کچھ افراط سے حاصل تھا۔ اُن کی نسبت کہتا ہے "بطلانوں کا بطلان سب کچھ بطلان ہے"۔

پس نہ دولت نہ دانائی اور نہ صنعت و حرفت اور نہ سامان عیش و آرام جو ان سے حاصل ہوتے ہیں انسان کو حقیقی راحت و خوشی دے سکتے ہیں۔ یہ سب باتیں اس کی ضرورت کو بے شک پورا کرتی ہیں۔ اور وہ بھی صرف جسمانی اور دنیاوی ضروریات کو رفع کرنے میں۔ پر اس کی روح کی خواہش اور دلی اطمینان کو پورا نہیں کرسکتے بلکہ اس کے برعکس یہ دیکھنے میں آتا ہے۔ کہ جہاں چیزیں کثرت سے ہیں وہاں انسان اور بھی زیادہ بےچین ہے اور تجربے سے یہ دیکھا گیا ہے کہ ایک خدا ناشناس آدمی کی نسبت ایک خداشناس زیادہ خوش نظر آتا ہے۔ حقیقی خوشی اور دل کی راحت کا راز صرف اپنے خالق اور مالک خدا کا دیدار حاصل کرنے سے ملتا ہے جو انسان خدا کے ساتھ میل اور موافقت حاصل کرلیتا ہے۔ اور اس کی مرضی کے تابع ہو جاتا ہے اور جس کے دل کی لگن اس کی طرف لگ جاتی ہے۔ وہ دلی راحت کو پاتا ہے۔ اور روحانی سیری کو حاصل کرتا ہے۔ کیونکہ روحانی نعمتوں اور خوشیوں کا چشمہ اور منبع صرف خدا ہی ہے۔ اس کے بغیر کیونکر ممکن ہو سکتا ہے کہ انسان کی روح آسودہ ہو جاوے۔ خداوند یسوع مسیح کے ایک حواری نے کہا تھا "باپ کو ہمیں دکھلا تو ہمیں کافی ہے" خدا کا دیدار ہی انسان کو حقیقی خوشی دے سکتا ہے۔ اور جن لوگوں نے خدا کے فضل کو پالیا وہ سیر ہو گئے۔ اور ان کے دل کو اطمینان حاصل ہو گیا۔ اسلئے لازم اور مناسب ہے کہ انسان جو صاحب عقل و ہوش و ضمیر والا ہے۔ اپنے خالق خدا سے ملاپ پیدا کرے اور جدائی کرنے والی رکاوٹوں کو دور و رفع کرکے اپنی روح کی غرض کو پورا کرے۔ اور دلی خوشی اور قلبی راحت کو حاصل کرے۔ جو صرف خدا سے مل سکتی ہے۔ اور جو اگر جسم کے

ترقی کی ابھی ابھی جیز بڑی ہی [illegible] سے کچھ پرواہ نہیں کیونکہ اصلی غرض حاصل ہوگئی۔

مذہبی عالم میں بھی دنیاوی انتظام سلطنت کے جس میں ہمیشہ عروج و زوال ہوتا رہتا ہے اور قومیں گھٹتی اور ترقی کرتی ہیں اسی طرح مذاہب کا عروج و زوال واقع ہوا کرتا ہے ایک وقت ایک مذہب کا ہر پہلو سے عروج نظر آتا ہے اور دوسرے وقت میں وہ زوال پذیر نظر آتا ہے۔ بدھ مذہب کا حال دیکھو تو تواریخ سے ظاہر ہوتا ہے کہ وہ زمانہ تھا کہ وہ بڑے بڑے بادشاہوں کا مذہب ہوگیا تھا اور بہت ملکوں میں اس کا ذکر ہوتا تھا۔ پر اب اس کو زوال ہے۔ برہمن مذہب جس کو سناتن کہنا بھی ٹھیک ہے کسی وقت کیسے عروج پر تھا۔ جس نے بدھ مذہب کو مغلوب کیا تھا۔ اور اسی طرح سے ہر ایک مذہب کا حال کم و بیش نظر آتا ہے۔ اور یہ مقولہ درست نظر آتا ہے۔ کہ ہر کمالے را زوالے۔

آجکل ہمارے ملک میں آریہ مذہب جو کچھ تھوڑے عرصہ سے نمودار ہوا ہے اور بڑے بڑے دعوے رکھتا ہے ابھی ترقی کرنے لگا ہے۔ اگر ایسا کہا جاوے کہ اس کا زمانہ رو بہ ترقی ہے تو کچھ مبالغہ نہیں ہے۔ ہمکو ہفتہ وار خالصہ اخبار گزٹ مطبوعہ [illegible] کے پرچے کے چھپنے سے بہت کچھ انفرمیشن ملی ہے۔ جو ہم کو صاف بتاتی ہے کہ یہ بودہ خاص ترقی کر رہا ہے۔ اور ہر ایک قسم کے مفید کاموں میں حصہ لے رہا ہے۔ اس کی سماجیں تمام ملک میں پھیل گئی ہیں نہ صرف ملک ہندوستان میں۔ بلکہ ارد گرد کے غیر ممالک میں اس کی سماجیں قائم ہوئی ہیں۔ ذیل کا نقشہ اس کی اشاعت کو ظاہر کر رہا ہے

نام ملک	تعداد سماج	نام ملک	تعداد سماج
پنجاب	۲۳۰	سندھ	۵
بلوچستان	۴	پنجاب کی ریاستیں	۲۸
اضلاع متحدہ	۲۵۸	مدراس پریزیڈنسی	۱
راجپوتانہ	۳۰	بنگال بہار	۲۹
ممالک متوسط	۴۴	برما	۳
بمبئی پریزیڈنسی	۳۲	سنگاپور	۱
حیدرآباد دکن	۳	افریقہ	۴
میزان	۶۹۳		

سماجی اخبارات کا شمار جو کئی زبانوں میں شائع ہوتے ہیں ۳۲ ہے اور گروہوں سے جو [illegible] شدہ کرکے ایجوکیشنل ہیں شامل کئے گئے ہیں ۲۲ [illegible] ہیں۔ اگر اسی طرح سے ترقی ہوتی رہی تو وہ نمایاں ترقی کریگا۔

ہوائی کشتی نام کو رونق دے رہی ہیں۔ تھوڑے دن ہوئے کہ شہر پیرس میں کشتیوں کی دوڑ ہونے والی تھی۔ چاروں طرف سے ریل گاڑیاں بھری ہوئی دور دور کے مقامات سے آتی تھیں کم سے کم دو لاکھ آدمی اس دوڑ کو دیکھنے کے واسطے پیرس کی طرف جا رہے تھے کتنے تو ہوٹل پر جا پہنچے کتنے گھوڑوں اور کتنے پیدل چل رہے تھے۔ اور وہ جو ریل کی سواری پر تھے سب [illegible] ریل دور سے تو معلوم ہوتا ہے کہ گاڑیوں سے بالکل بھری پڑی ہے اور کوئی گاڑی نزدیک جا نہیں سکتی۔ ہائے کیسا [illegible] کیسی بھگدڑ کیسا ہوش کھا ہے کہ بعض لوگ دفعتاً ریل گاڑیوں کو توڑ پھوڑ کرنے لگے۔ اور جب پولیس نے لوگوں کو [illegible] میں ڈالدیا

قدرت سے [illegible] لوگوں کو ایک خبر دے رہے ہیں جو ہوائی کشتی کی خبر سے زیادہ عجیب ہے۔ کہ مسیحی کشتی گنہگار آدمی کو ہمارا آسمانی مکانوں میں پہنچاتی ہے عجیب خبر یہ ہے کہ ہر ایک آدمی خود اس کشتی میں بیٹھ سکتا ہے اور آسمانی سیر کر سکتا ہے۔ کاشکہ لوگ اس دوڑ کی طرف ایسا جوش دکھلاویں جیسا کہ دنیاوی تماشے کی طرف کرتے ہیں۔ لیکن افسوس کہ حقیقی باتوں کی طرف توجہ ایسی نہیں لگی جیسی کہ محض تماشے کی طرف جو [illegible] ہے اسی انسانی کمزوری کا خاصہ بھی یہی حال ہے۔ لیکن وہ ماجرا جو خوشی اور آسمانی ہے سب سے زیادہ غور کے لائق ہے۔ [illegible]

ریویوز

مشاہیر عالم۔ یہ کتاب حال ہی میں شائع ہوئی ہے۔ اس میں دنیا کے ان بڑے بڑے بزرگوں کا مختصر ذکر ہے جن کے اسمائے گرامی آسمان شہرت پر حقیقتاً آفتاب کی مانند چمک رہے ہیں اور ان کی اولوالعزمیاں و کارہائے نمایاں ہر زندہ دل شخص کے اندر ایک ولولہ پیدا کرنے والی ہیں۔ ہم شائقین علم کو اس نایاب کتاب کا ضرور مطالعہ کرنا چاہیے اور کوئی خاندان ایسا نہیں ہونا چاہیے جو اس [illegible] سے محروم ہو کیونکہ اس کی ایک جلد ضرور ہر [illegible] ہونی چاہیے۔ ہم امید کرتے ہیں کہ قدردان کتب نے اس مشاہیر عالم کو منگوا کر اس کی قدردانی کا ثبوت دینگے۔ نوجوانوں کے لئے اوج ترقی پر پہنچنے کے لئے یہ کتاب ایک رہنما ہے۔ حجم کتاب ۲۲۴ صفحہ قیمت ۸؍ پنجاب ریلیجس بک سوسائٹی انارکلی لاہور سے مل سکتی ہے۔

افتخار الاشعار المعروف **گلزار آفت**۔ یہ رسالہ منشی افتخار الدین صاحب آفت موہانوی کی غزلیات کا مجموعہ ہے۔ جو کہ قدیم ایشیائی شاعری کے رنگ میں کہا گیا ہے۔ علم و ادب کے شائقین کے لئے یہ رسالہ مفید ہے۔ رسالہ کے آخر میں مصنف کی مختصر سوانح عمری اور [illegible] ہے۔ حجم رسالہ ۴۸ صفحہ قیمت ۸؍

خود مصنف سے دستیاب ہو سکتا ہے۔

ایڈیٹر ریویو آف ریلیجنز کو جواب

قولہ۔ کون ہے جو یہ نہیں جانتا کہ مسلمانوں کو اسلام کے ابتدائی ایام میں کیسے کیسے عذاب اور تکالیف شدید دیئے گئے تھے۔ لیکن خدا تعالیٰ نے حکم دیا تھا کہ صبر اور تحمل سے ان مصائب شدیدہ کو برداشت کرو۔ جو ان کا بیدردم دشمن ان کو پہنچا رہا تھا۔

اقول۔ تواریخ تو اس امن اور صلاح کے مبارک زمانہ کا پتہ نہیں دیتی ہے بلکہ اس کے برعکس یہی دکھلاتی ہے کہ جہاں ایک معتد بہ جماعت مسلمان ہوئے اور ان کے اصحاب حلقہ در ما بین نے خود لوگوں کو بھیجے تنہا سے دکھ دیا اور زبردستی سے ان کو اسلام قبول کرنے کے لئے مجبور کیا اور یہ وجہ ہوئی کہ جھگڑے برپا ہوئے اور کشت و خون ہونے لگے اور تمام ملکوں میں بدامنی پھیلائی گئی۔ اگر بالفرض مان جاویں کہ صبر کرنے اور تحمل کام میں لانے کی تعلیم قرآن میں موجود ہے تو بھی اس کا ثبوت آپ کے ذمہ رہیگا کہ آیا مسلمانوں نے اس پر عمل کیا کہ نہیں۔ ہمارے خیال میں تو کل زمانہ اس کے برخلاف عمل ہوتا ہے۔

قولہ۔ خدا تعالیٰ مومنوں کو فرماتا ہے کہ وہ کفار کے مظالم کو صبر سے برداشت کریں۔ اور دوسرے ملکوں میں ہجرت کر جاویں اگر ان کی جانیں ان کے اپنے وطن میں ان پر دوبھر ہو گئی ہوں۔ کیونکہ خدا کی زمین وسیع ہے۔ الخ

اقول۔ اگر خدا کی طرف سے یہ ہدایت موجب تھی تو پھر لڑائی اور جنگ وجدل کی کیا صورت ہوئی۔ کیونکہ جہاں کسی نے ستایا تو دوسرے ملک میں چلے گئے۔ کیونکہ خدا کی زمین وسیع ہے۔ پھر لڑنے سے کیا مطلب؟ اگر اس حکم کو مانتے ہوئے مسلمان عمل کرتے تو وہ کیسے بے نقصان لوگ ہوتے۔ اور دنیا میں بہر وجہ سرخرو ہو جاتے۔ مگر تعجب دکھلائی ہے کہ یہیں جن پر صبر جو ان کے نزدیک جس وجہ جنگ کرنا جائز سمجھا گیا۔ اگر یہی تعلیم تھی تو اس پر عمل کیوں نہ کیا گیا۔ اور کیوں اس کے برخلاف دوسرے رخ کو اختیار کیا گیا؟

قولہ۔ جب تک مجتبیٰ اللہ تعالیٰ مومنوں سے دفاع کرتا ہے اللہ کو خائن اور ناشکر گزار لوگ پسند نہیں ہیں۔ اجازت دی جاتی ہے۔ ان لوگوں کو جن سے لڑائی کی جاتی ہے۔ کیونکہ وہ بہت مظلوم ہیں اور اللہ ان کی مدد کرنے پر بڑی قدرت رکھتا ہے۔ الخ

اقول۔ دفاعی جنگ کی اجازت کی وجہ جو صاحب نے بہت سی آیتیں دکھلائی ہیں۔ چنانچہ یہ منجملہ ایک آیت ہی ہے جس میں صاف حکم لڑائی کا ہے۔ جس میں ذکر ہے کہ لوگوں نے زبردستی کی اور ظلم کیا اس پر حکم ملا کہ ان سے لڑو اور ان کا بدلہ لو یہی تو وجہ خود پکڑنے کی صاف دکھلائی ہے۔ پھر اس کے ساتھ ساتھ ہی اشاعت اسلام چلتی ہے۔ کیونکہ جب عمر بکڑی تو پھر کیا تھا۔ خوب کشت و خون کا موقعہ ہاتھ لگ گیا۔ اور دل کھول کر بدلہ لینا اور لوٹنا اور ان کو ہلاک کرنا سب کھیلے حکم ہو چکے۔ اب ان کے وسیلے سے گر اسلام کی اشاعت ہو جاوے تو کونسی حرج ہی کیا ہے جو کیا اس سے کسی کو انکار بھی ہوگا۔ اگر نہیں تو پھر اس کو گھسیٹے اور صاف منروں میں کوئی دوسری طرح بیان کر دے تو اس سے انکار کی وجہ کیا ہے۔

قولہ۔ پھر یہ کیسے خیال کیا جا سکتا ہے۔ کہ اسلام نے لڑنے کی اجازت اس لئے دی کہ بجبر دوسرے مذہب کے پیروؤں کو مسلمان بنایا جاوے۔ دفاع کی اجازت صرف اسلئے دی گئی تھی کہ دشمن اسلام کو جڑ سے اکھیڑا جاتا تھا۔ اور اگر اس کا دفاع نہ کیا جاتا......... تو مسلمانوں کی یہ چھوٹی سی جماعت بالکل دنیا سے نابود ہو جاتی۔

اقول۔ اگر یہی بات تھی کہ دشمن اسلام کا منشاء صرف دفاع ہی تھا تو اس کے وسیلے سے اشاعت اسلام کیوں کی گئی۔ جس کی شہادت تواریخ دے رہی ہے یہاں تک کہ دنیا میں کو دعوت کے پیغام بھیجے گئے اور اسلام کو ذریعہ بجا دیا گیا۔ اور مسلمانوں سے خاص رعایتیں روا رکھی گئیں وغیرہ وغیرہ یہ تمام باتیں کیا معنے رکھتی ہیں۔ اگر ان باتوں سے انکار ہو تو ان کی ثبوت موجود ہیں۔

قولہ۔ وہ نہیں چاہتے کہ تم اللہ کی راہ میں ہی لڑو۔ (سورۃ نساء رکوع ۱۰)

اقول۔ اللہ کی راہ میں لڑنا۔ جیسا ہی اب زمانہ میں جنگ ہے بے شک اپنے بچاؤ کے واسطے لکھا ہوا ہے۔ الخ

قولہ۔ مسلمانوں کو صرف ایسے دشمنوں کے ساتھ جنگ کرنے کی اجازت دی گئی تھی جن کے ساتھ جنگ کرنی ہر ایک کافر کے ساتھ جنگ کرنے کی اجازت نہیں تھی۔

اقول۔ تواریخ تو پکار پکار کر یہی ہے کہ صحابہ اور خلفاء اور ان کے مسلمان بادشاہوں نے تمام ملکوں میں جنگ بپا کر دیا۔ کیا یہ سب دفاعی جنگ تھے اور سب اپنے بچاؤ کے واسطے کئے جاتے رہے؟ ایڈیٹر صاحب اس کا جواب سوچ کر دیں۔

قولہ۔ تمام جنگوں میں بھی مسلمانوں کو حد سے زیادہ نقصان کی پابندی لازمی تھی۔

اقول۔ بھلا صاحب یہ قرآن کی آیت تو صاف بتا رہی ہے وَقَاتِلُوهُمْ حَتّٰى لَا تَكُوْنَ فِتْنَةٌ وَّيَكُوْنَ الدِّيْنُ كُلُّهٗ لِلّٰهِ۔ ترجمہ: اور لڑتے رہو ان سے جب تک نہ رہے فساد اور ہو جاوے دین سب اللہ کا یعنی کے واسطے لڑتے رہو۔ اور جب تک لوگ مسلمان دین کو قبول نہ کریں۔ لڑتے چلے جاؤ۔ یہ خوب انصاف اور رحم ہے۔ باقی آئندہ

مراسلات

بینات یسوع ناصری

مرقومہ پادری جی۔ ایل ٹھاکر داس

بجواب رسالہ

یسوع ناصری

میں اس امر میں بھی وزیر چند صاحب کے ساتھ اتفاق نہیں کر سکتا کیونکہ (۱) یہ تیوہار بت پرستوں کی تقلید پر مقرر نہیں کیا گیا تھا۔ حتی کہ ان کے کسی دستور کو بدلا کر مسیحی بنایا گیا ہے بلکہ بجائے خود ایک جدا تیوہار بت پرستوں کے تیوہاروں کے مقابلہ میں قائم کیا گیا تھا۔ (۲) بقول اگسٹس یہ تیوہار ان فرقوں کے برخلاف یادگار قائم کیا گیا تھا۔ جو یسوع کے مجسم ہونے کا انکار کرتے تھے جیسے مانی کی ان۔ ناسٹکس۔ اور پرسلیانسٹ وغیرہ (ڈکشنری آف کرسچن اینٹی کوئٹی۔ ولیم سمتھ جلد اول) (۳) ۲۵ دسمبر مسیح کی ولادت کے لئے اس لئے مقرر نہیں کیا گیا تھا کہ اس دن کو دنیا کی اور قومیں بھی اپنے اپنے دیوتوں کا دن مناتی تھیں۔ نہ تو اور قوموں نے باہم مشورہ کر کے یہ قرار دیا تھا کہ ہم اپنے اپنے بزرگوں اور دیوتوں کے لئے ۲۵ دسمبر کو منایا کریں۔ اور نہ عیسائیوں نے اس امر میں ان سے مشورہ کیا۔ یا ان کی تقلید کی تھی بلکہ جو دن ان کو اپنی دانست اور تحقیقات سے صحیح دن معلوم ہوا اس کو مقرر کیا۔ اور یہ محض اتفاقیہ امر معلوم ہوتا ہے۔ کہ یسوع کا جنم دن وہی ہوا جو اور قوموں کے بزرگوں یا دیوتاؤں کا ہوا تھا۔ چنانچہ ونٹر سولس ٹس* کہتی ہے۔ یعنی وہ دن جب سورج شمالی یا جنوبی خط استوا پر ٹھہر کر پھر بازگشت کرتا ہے ایک قدرتی ہیئت ہے۔ جو ہر ملک کے لوگ محسوس کرتے ہیں اور کر سکتے ہیں اور اس وقت کو ایک تیوہار کر کے مناتے رہے۔ اور گو یہ کسی فرضی یا کسی حقیقی دیوتے کے لئے۔ یونان اور روم میں ایسا رواج تھا۔ مگر میں اس بات کو قبول نہیں کر سکتا کہ عیسائیوں نے اس قدرتی ہیئت کے لحاظ سے یسوع کا جنم دن ۲۵ دسمبر بنایا تھا گو بعض ایسا خیال کرتے ہیں۔ مگر بے سند بات کرتے ہیں۔ اور ہم جانتے ہی ہیں کہ دوسری قوموں کے تیوہاروں وغیرہ کی اس قدیم زمانے کے عیسائیوں کو ایسی کیا ضرورت تھی جس سے وزیر چند صاحب کی بات کو کچھ سہارا مل سکے۔ آپ نے خواہ مخواہ دنیا کی قوموں کے نام درج کئے ہیں اور جرمنی کے یول لاگ اور ہیکلتی تیوہار میں جل کر مسس تھا اور گرجوں کو سجانا اور ضیافتیں اور جشن وغیرہ بت پرستوں کے جاہلانہ اور کرور فضول رسمیں درمیان میں سے ہیں۔ جو مغربی قوموں نے بعد میں کرسمس ڈے پر جو اپنی شہیں ایں یہ یاد ہے کہ گو دین یسوعی کی ابتدائی باتیں ہو یا نہ وہ سب یکساں ہی کسی امر میں مساوات نظر آتی ہے۔ مگر یہ مباحثہ مذہب کی اصل تعلیم نہیں۔ بلکہ ان خرابیوں میں سے ہے۔ جو عورت کے جنس پر چڑھی گئی تھیں یہ فرضیوں کی یہ مساوات اس یسوعیت کے ساتھ حقیقی جو کہ تھا رہا اور اس کے رسولوں سے کچھ ملا کر سونپی تھی۔ مگر بعض مذہبوں اور فرقوں کے ساتھ ہے۔ جنہوں نے یسوعیت کی بعض باتوں میں خیالات ملا کر ان کو خراب کیا تھا۔ لہذا اس خیال میں ضروری ہے۔ کہ غیر عیسائیوں کی باتیں اس کے مطابق پائی جاویں اور ایسی مساوات زیادہ تر دین کا ملک ہونے کے دستوروں کے متعلق پائی جاتی ہیں۔ باوجود اس کے یسوعیت کی بعض باتیں ہیں جن کا اثر بدھ اور کرشن کی کہانیوں پر پڑا ہے۔ اسباب کا کسی اور موقعہ پر حال سناؤنگا۔

* ۱۰ جون اور ۲۲ دسمبر

یسوع ناصری کا جنم استھان

وزیر چند صاحب لکھتے ہیں کہ یسوع ناصری کے جنم استھان کے بارے میں بھی ویسا ہی اختلاف ہے جیسا کہ اس کے جنم دن کے بارے میں ہے۔ متی کے بیان کے بموجب اس کی پیدائش بیت لحم کے اندر ہوئی۔ جب مجوسی بیت لحم میں گئے تو جہاں ستارہ ٹھہر گیا تھا اس گھر میں پہنچکر اس لڑکے کو اس کی ماں مریم کے ساتھ پایا۔ (متی ۲: ۱۱)۔ اور لوقا کا بیان ہے۔ کہ گڈریوں نے آپس میں کہا کہ آؤ ہم بیت لحم تک جائیں اور یہ بات کو جو ہوئی ہے جس کی خداوند نے ہمیں خبر دی ہے۔ دیکھیں۔ تب انہوں نے جلدی جا کے مریم اور یوسف کو اور اس لڑکے کو چرنی میں رکھا ہوا پایا۔ (لوقا ۲: ۱۶)

گو صاف صاف بیان کہ لڑکا چرنی میں اس واسطے رکھا گیا تھا کہ سرا میں ان کے لئے جگہ نہ تھی۔ اور بہت لوگ اس سبب سے آئے ہوئے تھے جس سبب سے یوسف وہاں آیا تھا۔ اور وہ سرا قصبہ سے باہر مگر اس کی حدود میں تھی۔ متی اور لوقا دو مختلف موقعوں کا ذکر کرتے ہیں۔ لوقا ولادت کے دن والی سکونت بتلاتا ہے۔ اور متی اس کے کچھ دن بعد کا ذکر کرتا ہے۔ جب یوسف اور مریم اس سرا یا مردم شماری خانہ سے اٹھکر بیت لحم کے اندر کسی گھر میں جا رہے تھے۔ آپ نے یہ کیسا لچر اعتراض کیا۔ اپنی سوچ سمجھ کو بالکل جواب نہیں دے دینا چاہئے قطع نظر اگر اس چرنی والی چاندی یا سی کو متی نے

گیر کہا ہے۔ نہ یہ بھی آپ کا عجیب دعویٰ ہے۔ دیکھئے جہاں کوئی اختلاف نہ تھا وہاں آپ نے اختلاف تجویز کیا گو جس بات میں دونوں راویوں کا لفظی اتفاق ہے۔ کہ بیت لحم میں پیدا ہوا۔ اس بڑی بات کی آپ نے قدیمی نجات جس کی بابت قدیم پیشینگوئی تھی۔

ڈاکٹر فار صاحب لکھتے ہیں کہ فلسطین میں اگلے خان (سرا) اکثر ایسے ہوتے ہیں کہ اُس کا وہ حصہ جس میں جانور باندھے جاتے ہیں۔ ان پہاڑی غاروں میں سے ہوتے ہیں۔ جو اس کی پہاڑیوں میں چونے کے پتھروں والی چٹانوں میں کثرت سے ہوتے ہیں۔ ایسی ہی اصطبل بیت لحم کی تھی۔ (لائف آف کرائسٹ باب اول)۔ اب وزیر چند صاحب نے انجیل یعقوب سے (جو جعلی کتاب ہے) حوالہ دیا ہے۔ کہ مسیح کی پیدائش ایک غار میں بتلائی گئی ہے (۱۸: ۱۹) اسی کتاب سے آپ نے اپنے ناول افسانے کے لئے یہ حوالہ لے لیا۔ مگر اسی کتاب کی اس گواہی کو نظر انداز کیا ہے کہ یسوع ناصری بیت لحم میں پیدا ہوا تھا۔ مگر یہ گواہی آپ کے مطلب کے مفید نہیں تھی۔ اس غار کی بابت معلوم ہو کہ اسی انجیل یعقوب ۲۲: ۲ میں یہ ذکر بھی آیا ہے کہ ہیرودیس کے حکم کے خوف سے مریم نے لڑکے کو کپڑوں میں لپیٹ کر بیل کی چرنی میں رکھا کیونکہ ان کے لئے سرا میں جگہ نہ تھی۔ جس سے ظاہر ہے کہ وہ غار اور چرنی والی سرا ایک ہی جگہ کا نام تھا جیسا فار لکھتا ہے البتہ مصنف انجیل یعقوب نے اس بیان کو بے موقع لکھا ہے۔ کہ ہیرودیس کے حکم کے خوف سے مریم نے ایسا کیا تھا مگر یہ کارروائی جلوس سے۔

پس ہم استفسار کا سلسلہ بالکل صاف ہے۔ اور جن مختلف جاہیں ایک ہی جا ولادت ثابت ہے۔ باقی آئندہ

ویدک شائستگی

ترجمہ گوشت کا استعمال مروج ہوا۔ منو جی نے اپنے دھرم شاستر کے پانچویں ادھیائے میں بارہا برہمن، چھتری، ویش تین اونچی ذاتوں کے لئے ہر حالت میں گوشت کھانے کی اجازت دی۔ ہم اس ادھیائے کے چند شلوک ذیل میں اقتباس کرتے ہیں۔

"یگ کے لئے اور جن کی پرورش لازم ہے ان کی پرورش کے لئے ان مرگ اور چڑیوں کو شہ مارنا جائز ہے جو برہمن سے جتیا ہونے کے قابل ہیں۔ کیونکہ پہلے زمانے میں اگستیا رشی نے بھی ایسا ہی کیا تھا۔ ۲۲۔

"پہلے زمانے میں برہم کشتریوں میں کھانے کے لائق مرگ اور چڑیوں کے پروڈاس ہوتے تھے۔ ۲۳۔

"جو گوشت یگ کے لئے منتر سے پاک کیا گیا اور برہمنوں کی خواہش سے ہے۔ اُسے کھانا چاہئے اور دھرم یگ وغیرہ میں باقاعدہ مشغول لوگ ورنہ جان نکلنے کے وقت فوراً بھی گوشت کھائیں۔ ۲۷۔

"پرجاپتی نے یہ سب کچھ پران کے لئے ان کا پیدا کیا ہے۔ منقول اور غیر منقول سب پران کی خوراک ہے۔ ۲۸۔

"پھرنے والوں کا کھاجا اچر ہے۔ (مثلاً گائے وغیرہ کی خوراک گھاس وغیرہ ہے) دانت سے کاٹ کھانے والوں کا ان جو دانت سے نہیں کاٹ کھاتا (مثلاً شیر بھیڑیا وغیرہ کی خوراک ہرن وغیرہ) ہاتھ والوں کا ان بے ہاتھ والے (مثلاً انسان کی خوراک حیوان) بہادروں کا ان بزدل (مثلاً شیر کی خوراک ہاتھی) ہے۔ ۲۹۔

"خوردنی جانوروں کو اگر روز مرہ بھی بھوجن کیا جائے تو بھوجن کرنے والے کا کوئی دوش نہیں ہوتا کیونکہ دھاتا نے خوراک اور کھانے والا دونوں کو پیدا کیا ہے۔ ۳۰۔

"خرید کر، آپ پکا کر یا دوسرے سے بطور دان لے کر اس گوشت سے دیوتاؤں اور پتری لوگوں کی پوجا کر کے اس گوشت کے کھانے سے دوش نہیں ہوتا۔ ۳۲

"ذبحہ اور سود اور مرگ وغیرہ میں لگا ہوا شخص یا تسدہ گوشت چڑھا کر اگر اُس گوشت کو نہ کھائے تو وہ مرنے کے بعد اکیس جنم تک پشو ہونے کو پراپت ہوتا ہے۔ ۳۵"

منو جی نے مذکورہ بالا شلوکوں میں گوشت کھانے کی صاف اجازت دی ہے۔ لیکن اس سے اگر کوئی پرہیز کرے تو ان کے خیال میں یہ بڑا اجر ہے۔ مثلاً

—na mamsa bhakshana dosho na madya na cha maithune. Pravritte eshā bhūtānām nivritti stu mahā phala.

"یعنی گوشت کھانے شراب پینے اور عورت سے صحبت کرنے میں کوئی دوش نہیں یہ ہر جیو کی رغبت ہے لیکن اس کے روکنے میں بڑا پھل ہے۔"

ہم بھی اپنے امر میں منو جی کی تائید کرتے ہیں۔ ہم نہیں کہتے کہ گوشت کھانا کوئی لازمی امر ہے۔ اگر کسی کا جی چاہے گوشت کھائے اُسے ہم کھانے سے روک سکتے نہیں۔

لیکن اگر کوئی گوشت کے کھانے سے پرہیز کرے تو ہم اُس کو بھی برا نہیں کہتے ہیں۔ کھانے پینے کے معاملہ میں ہم انسان کو پوری آزادی دیتے ہیں۔

باوجود اس کے کہ مسیحی کلیسیا کو برباد کرنے کی کوشش کرنے والوں کو کسی قدر سخت سزائیں دی گئی ہیں۔ پھر بھی [illegible] نہیں کہ وہ [illegible] بڑا [illegible] ہے۔

سیالکوٹ کنونشن کے حالات

سوئم۔ روح القدس کی کوئی حد نہیں ہے۔ بلکہ وہ ایک الہی شخص ہے اور وہ خدا ہے۔ اور جو کچھ ہماری زندگی کے ہر ایک قدم میں اور زندگی کی ہر ایک بات میں کیا ہے۔ سو وہ دیکھتا ہے اور ابھی جو کچھ باپ کی محبت کے خلاف ہماری زندگی میں موجود ہے۔ وہ اس کو دیکھتا ہے۔ اور یہ بھی بتایا کہ روح القدس ہم کو پاک کر سکتا ہے اور پاکیزگی میں چلا سکتا ہے۔

اس مذکورہ بالا پیغام سے ہم کو یقین ہوا کہ ہم گناہ سے بچی ہوئی حالت میں رہ سکتے ہیں۔ بشرطیکہ روح القدس کا شکر ہو۔ کہ خداوند کی روح ہماری زندگی میں راج کرتی ہے۔ اور روح القدس ہی ہم کو اپنی پاکیزگی میں گھیرے ہے۔ یہ ہماری دلی خواہش ہے۔ اور کئی طرح کے زبردست پیغام ہمارے سامنے پیش کئے گئے۔ مگر اختصار کی وجہ سے میں ان کو چھوڑ دیتا ہوں اس خیال سے کہ یہی مذکورہ بالا پیغام ناظرین کو کنونشن کی برکتوں میں شریک کر سکتے ہیں۔

تین بجے کی میٹنگیں جو علیحدہ ہوا کرتی تھیں وہ ہماری خوشی اور ترقی کا باعث ہوا کرتی تھیں۔ طرح طرح کی آوازیں گانے کی سنائی دیتی تھیں۔ کہیں چھوٹے بچے تربیت میں گا رہے ہیں۔ دوسری طرف لڑکیاں بلند آوازوں میں حمد و ثنا کر رہی ہیں۔ تیسری طرف عورتوں کی سہانی آواز سنائی دے رہی ہے۔ چوتھی طرف نوجوان اچھے تعلیم والے انگریزی میں گیت گا رہے ہیں۔ پانچویں طرف منشری اور دیسی ضعیف العمر اور نوجوان اور عمر رسیدہ بلبلوں کے غول بیٹھ کے پکار رہے ہیں۔ اور یہ نظارہ کیسا عجیب معلوم ہوتا تھا خواہ مخواہ دل کو وجد کرتا تھا۔ عورتوں کا دعائیہ کمرہ خداوند کی خاص حضوری سے بھرا ہوا تھا۔ اور جو کوئی اس میں دعا کے لئے جاتی تھیں۔ وہ خداوند کے زبردست ہاتھ کا شکار ہو جاتی تھیں۔ وہیں وہ خداوند کے داخل ہونے کے لئے اپنے دل کا دروازہ کھول دیتی تھیں۔ اور خداوند کی تعریف اور شکر گزاری میں ساری ساری رات حمد و ستائش میں مشغول رہتی تھیں۔ خداوند سے دعا ہے کہ ہماری بہنوں کو اس عجیب برکت کو جو کہ ان کو سیالکوٹ کنونشن میں ملی وہ برکت ہندوستانی بہنوں کی جو کنونشن پر کسی وجہ سے حاضر نہ ہو سکیں ان کی برکت کا باعث ہووے۔ اور وے بھی خداوند کو اپنا تن من اور دھن دے دیں اور پھر اس پاک زندگی بسر کریں۔ مردوں کا دعائیہ کمرہ بھی سکھ مشن کا کمرہ تھا۔ خداوند کے جلال کا باعث ہوا۔ منشری بھی اور مرد اور دیسی بھائی بہت رات بھر دعا اور تعریف میں گاتے رہتے تھے۔ جو جو اس کمرے میں دعا اور تعریف کے لئے گئے وہ اس جگہ کی فضیلت کو کبھی نہ بھولیں گے۔ وہاں میں نے کئی ایک دل شکستہ ہوا۔ اور وہیں خداوند کے ساتھ عہد کیا۔

ہندی دوستوں میں سیالکوٹ مشن [illegible] چھاؤنی کے اکثر جلسوں میں حاضر ہوتے رہے۔ امید ہے کہ وے جلد اپنی زندگی مسیح کو دیں گے اور مسیح جو جلال کا بادشاہ ہے جس کی آواز انہوں نے سیالکوٹ کنونشن میں اس کے مقدس لوگوں کی زبان سے سنی ہے اس کو اپنی زندگیوں کا بادشاہ تصور کریں گے اور روح اور راستی سے اس کی عبادت کرینگے۔ اور اس کی عزت اور جلال کا باعث ہوویں گے۔ اور اس زندگی کے اختتام پر اس کے ساتھ بہشت کی کامل خوشی میں [illegible] رہینگے۔ ایک اور عجیب نظارہ بیان کرنے سے باز نہیں آؤنگا یعنی کہ پشاور سے ایک کرنل صاحب جو روح القدس کی آگ کا چشمہ پا چکے ہوئے تھے۔ اور جن کو خداوند یسوع نے ٹوٹا شکستہ دل دیا ہوا تھا۔ وے بھی اس شکستہ دل کو دیکھانے اور جن کو نیچی جگہوں میں سے [illegible] کرنے کے لئے چند آدمیوں کو ہمراہ میں رکھتے ہوئے سیالکوٹ کنونشن تشریف آور ہوئے۔ ناظرین اگرچہ وہ اعلیٰ درجہ کے افسر تھے لیکن جب وہ کسی بھائی کو اپنی طرف آتے دیکھتے تھے۔ خواہ وہ خراب کپڑوں میں ہو یا فرسٹ کلاس لباس میں فوراً کرسی کو چھوڑ اپنے بیچ سے باہر چند قدم آگے جا کر اس کا استقبال کرتے تھے۔ اور فوراً یہ الفاظ منہ سے نکالتے تھے کہ تم بھائی ہو۔ اور مسیح ہمارے گناہوں کے لئے مرگیا۔ جس کو روح القدس کا بپتسمہ ملا۔ اس کو فوراً اپنے خیمہ میں لے جاتے تھے اور کچھ باتیں کلام کی اس کے ساتھ کر کے ایک دم دعا میں گر جاتے تھے۔ ان کی شکستہ دلی اور یسوع کے زخم جو ہر وقت ان کی آنکھوں کے سامنے رہتے تھے وے ہماری برکت کا باعث ہوتے تھے۔

صاحب موصوف کے ساتھ چند سکھ صاحبان بھی تھے ایک صوبیدار ایک جمعدار میجر اور ایک سپاہی جو ان کی اردلی میں رہتا تھا اور ایک پٹھان لڑکا اور ایک خاکروب ان سب کو جو ان کے دل پر بہتا تھا۔ اور خداوند کے آگے گر کے آنسو بہاتے رہتے تھے۔ کہ او خداوند یسوع ان کو بچالے اور اپنی محبت کے زخم ان کو بھی دے۔ تاکہ یہ تیری عجیب محبت کو دیکھ سکیں اور اس کی قدر کر سکیں۔ ایک دن کسی گریہ بھری دعا میں خداوند [illegible] کو بچا دے۔ سکھ سپاہیوں کے چند نوجوانوں کو اچنبھا ہوا اور کہا کرنل صاحب تمہارے چند سکھ بھائیوں کو عیسائی کرنے کے لئے لائے ہیں۔ سو جاگ اٹھو اور ان کو فوراً [illegible] سو چند سکھ نوجوان کنونشن میں حاضر ہوئے۔ اور کرنل صاحب کے خیمہ کے پاس آ کر ملے اور ترغیب اور غیرت دلائی ان میں سے ایک نے جواب دیا کہ ہم سچائی کے جاننے والے ہیں۔ اگر ہم کو کسی دین میں سچائی نظر آوے گی تو ضرور قبول کرینگے۔ فی الحال ایک گواہی ہم آپ کے سامنے پیش کر سکتے ہیں۔ وہ یہ ہے کہ جب ہم

